NHS

آپ کی طبی تاریخ آپ کی جان بچا سکتی ہے

آپ جو سروس حاصل کرتے ہیں اسے بہتر بنانے کے
لئے معلومات کو آپس میں تقسیم کرنا

معلومات کاتحفظ کرنا | وقت بچانا | زندگیاں بچانا

Your Care Connected

MidlandsYourCareConnected.nhs.uk

زندگیاں بچانا

جتنی معلومات ہوں گی اتنا ہی بہتر ہو گا

صحت کی دیکھ بھال کرنے والے پیشہ وروں کو اجازت دینا کہ وہ
جی پی کے پاس جو معلومات ہیں انہیں دیکھ سکیں آپ کے
اس سے انہیں اہم اور ممکنہ زندگی بچانے والی معلومات حاصل
ہوں گی ؛ اس سے غیر ضروری دوبارہ ٹیسٹس کروانے کو کم
کرنے میں بھی مدد ملے گی، جیسے کہ بلڈ ٹیسٹس اور ایکسریز
ہیں۔

آپ کے طبی ریکارڈز کو آپس میں تقسیم کرنے سے آپ کی زندگی بچ سکتی ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں کہ . . .

آپ کے جی پی کا طبی ریکارڈ آپ کی صحت اور بہبود کا سب سے مکمل ریکارڈ ہے۔

لیکن کیا آپ جانتے ہیں کہ جب آپ کسی ہسپتال جاتے ہیں، دماغی صحت یا اوقات کار کے بعد سروسز تک رسائی حاصل کرتے ہیں، یا آپ کو ایمبولینس کی ضرورت پڑتی ہے تو علاج کرنے والے آپ کے ریکارڈ تک رسائی حاصل نہیں کر سکتے؟
آپ کی مقامی این ایچ ایس محسوس کرتی ہے کہ وہ جو آپ کی دیکھ بھال میں ملوث ہیں انہیں آپ کے بارے میں اہم معلومات دیکھنی چاہئیں تاکہ آپ کو جو طبی دیکھ بھال فراہم کی جا رہی ہے اسے بہتر بنانے میں مدد مل سکے، اسی وجہ سے آپ کی جڑی ہوئی دیکھ بھال کو برمنگھم، سینڈویل اور سولی ہل میں عمل میں لایا جا رہا ہے۔

اس سے آپ کو کس طرح مدد ملتی ہے

- فارم پر کرنے میں کم وقت لگتا ہے
- زیادہ محفوظ ہے کہ بجائے اس کے کہ آپ کا جی پی آپ کے ریکارڈ حصہ لینے والی تنظیموں کو بذریعہ فیکس یا ریکارڈڈ ڈلیوری بھیجے [جو کہ موجودہ متبادل ہے]
- کسی ناگہانی [ایمرجنسی] صورتحال میں محفوظ طریقے سے دیکھ بھال فراہم کی جا سکتی ہے
- آپ کی طبی معلومات تک تیز اور آسان رسائی ، جو آپ کی زندگی بچا سکتی ہے
- ایسی معلومات فراہم ہوتی ہیں جیسے کہ کیا آپ کوئی دوائی یا خوراک لے رہے ہیں، کیا آپ کو کوئی الرجیز ہیں، کسی حالیہ طبی ٹیسٹس کے نتائج جو آپ نے کروائے ہوں یا پچھلی مرتبہ آپ جی پی پریکٹس کے عملے کے کس رکن سے ملے تھے
- آپ کی دیکھ بھال کی حفاظت اور معیار بہتر ہوتا ہے

" آپ کی جڑی ہوئی دیکھ بھال ہسپتال وزٹس سے بہت سا دباؤ دور کر دے گی؛ ایک نظام میری کہانی بتاتا ہے، جس سے میرے بارے میں تمام قابل اعتماد اور لازمی معلومات فراہم ہوتی ہیں جس سے مدد ملے گی کہ مجھے بہتر دیکھ بھال فراہم کی جا سکے"

ایڈرین، مریض

وقت بچانا

کسی کو بھی وقت ضائع کرنا پسند نہیں ہے

آپ کی طبی معلومات تک جلد رسائی سے مدد ملی گی کہ ان فارموں کی تعداد کو کم کیا جا سکے جو آپ کو پر کرنے ہوتے ہیں، انتظار کرنے کے اوقات کو کم کیا اور ہسپتال میں غیر ضروری قیام کو کم کیا جا سکےگا۔

آپ کے طبی ریکارڈز کو آپس میں تقسیم کرنا اور وقت بچانا۔

کون آپ کی معلومات تک رسائی حاصل کر سکے گا؟

جب آپ نیچے دی گئی تنظیموں میں سے کسی ایک کو وزٹ کریں گے تو جو فرد آپ کا علاج کر رہا ہے وہ آپ سے اجازت طلب کرے گا تاکہ آپ کی جڑی ہوئی دیکھ بھال کو استعمال کرتے ہوئے آپ کے جی پی کے پاس جو معلومات ہیں انہیں دیکھ سکے۔
اس سے آپ کو بہتر، محفوظ دیکھ بھال فراہم کرنے میں مدد ملے گی:

برمنگھم چلڈرنز ہسپتال
برمنگھم کمیونٹی ہیلتھ کیئر
برمنگھم اینڈ سولی ہل مینٹل ہیلتھ فاونڈیشن ٹرسٹ
برمنگھم ومینز ہسپتال
برمنگھم سٹی ہسپتال
گڈ ہوپ ہسپتال
ہارٹ لینڈز ہسپتال
کوینز الزبتھ ہسپتال
دی رائل آرتھوپیڈک ہسپتال
سینڈ ویل جنرل ہسپتال
سولی ہل ہسپتال
ویسٹ مڈ لینڈز ایمبولینس سروس
مقامی اوقات کار کے بعد جی پی سروسز

آپ کی جڑی ہوئی دیکھ بھال کو صرف آپ کی اجازت کے ساتھ دیکھنے اور آپ کی براہ راست دیکھ بھال کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ کسی ناگہانی [ایمرجنسی] صورتحال میں ہو سکتا ہے کہ کلینک میں کام کرنے والے آپ کی اجازت کو مسترد کر دیں، مثال کے طور پر اگر آپ بہوش ہیں یا اس صورت میں اگر آپ اپنی بات دوسروں تک نہیں پہنچا سکتے، یا اگر وہ محسوس کریں کہ یہ آپ کی صحت اور بہبود کے لئے لازمی ہے

وہ کیا کچھ دیکھیں گے؟

آپ کا علاج کرنے والے صحت کے پیشہ ور آپ کے طبی ریکارڈ کے صرف نیچے فہرست کردہ حصوں کو صرف آپ کی اجازت کے ساتھ دیکھیں گے؛ اگر آپ انہیں اپنے ریکارڈ تک رسائی کی اجازت دیتے ہیں، اس سے انہیں بہت سی اہم معلومات حاصل ہوں گی، جس میں شامل ہے

الرجیاں
ادویات
ہسپتال میں داخلے اور حوالہ جات
ٹیکے اور حفاظتی ٹیکے
ٹیسٹ کے نتائج
تشخیصات
علاج
طبی طریقہ کار
زندگی کے آخری حصے کے لئے خواہشات
زندگی کے اعداد و شمار کے بارے میں معلومات [عمر، جنس وغیرہ]
غیر محفوظ بچوں یا بالغوں سے بد سلوکی کے بارے میں تشویشات [اگر اطلاق ہوتا ہو]

آپ کی معلومات کسی اور مقاصد کے لئے استعمال نہیں کی جائیں گی، جیسے کہ تحقیق ہے، یا دوسرے فریقوں کو نہیں دی جائیں /فروخت نہیں کی جائیں گی۔ کسی تبدیلیوں یا جدید ترین فہرست کے لئے براہ کرم ہماری ویب سائٹ دیکھیں
www.midlandsyourcareconnected.nhs.uk.

معلومات کاتحفظ کرنا

رازداری کی اہمیت

صرف رجسٹرڈ شدہ صحت کی دیکھ بھال کرنے والے پیشہ ور آپ کے طبی ریکارڈز دیکھ سکتے ہیں اور ایسا کرنے سے پہلے وہ ہمیشہ اجازت طلب کریں گے۔ مزید یہ کہ، رسائی صرف ایک تالا بند نیٹ ورک کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کی معلومات ہمیشہ ممکنہ اعلی ترین معیار کے مطابق محفوظ ہیں

آپ جو معلومات آپس میں تقسیم کریں گے ان کا ہمیشہ تحفظ کیا جائے گا۔

کون سی چیزیں آپس میں تقسیم نہیں کی جاتیں؟

آپ کی جڑی ہوئی دیکھ بھال آپ کے جی پی ریکارڈ سے ہر چیز کو آپس میں تقسیم نہیں کرتی۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم مریض کی رازداری اور حساس معلومات کو آپس میں تقسیم کرنے کے لئے قومی رہنما ئی پر عمل کرتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں، آپ کی جڑی ہوئی دیکھ بھال اس وقت درج ذیل سے متعلقہ معلومات کو آپس میں تقسیم نہیں کرتی:

- آئی وی ایف علاج
- ایچ آئی وی اور اے آئی ڈی ایس [ایڈز]
- جنسی عمل سے لگنے والی انفیکشنز
- دوبارہ جنسی نامزد کرنا
- حمل ختم کرنا
- جی پی ریکارڈ سے مفت ٹیکسٹ

براہ کرم نوٹ کریں: ہو سکتا ہے کہ یہ فہرست تبدیلی سے مشروط ہو تاکہ حساس معلومات کو آپس میں تقسیم کرنے پر قومی رہنمائی میں تبدیلیوں کی عکاسی کی جا سکے۔ براہ کرم اس جدید ترین معلومات کی فہرست کے لئے ہماری ویب سائٹ کو وزٹ کریں جو اس وقت آپس میں تقسیم نہیں کی جاتیں جب آپ کی جڑی ہوئی دیکھ بھال کو استعمال کرتے ہوئے آپ کے ریکارڈ تک رسائی حاصل کی جاتی ہے۔

آپ کی معلومات، آپ کی پسند

جب آپ کی صحت کی دیکھ بھال ہو، تو آپ کو اختیار حاصل ہے کہ آپ انتخاب کر سکیں کہ کون آپ کی طبی معلومات دیکھ سکتا ہے ، وہ اسے کب دیکھ سکتے ہیں اور وہ اس تک کس طرح رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر آپ علاج کرنے والوں کے ساتھ اپنی طبی معلومات کو آپس میں تقسیم کرنے سے خوش ہیں ، تو پھر آپ کو مزید کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر آپ سابقہ صفحہ پر دی جانے والی تنظیموں میں سے کسی ایک کو وزٹ کریں، تو آپ کا علاج کرنے والے آپ کا ریکارڈ دیکھنے کے لئے آپ سے اجازت طلب کریں گے ۔

باہر رہنے کا انتخاب کرنا

اگر آپ اپنی جڑی ہوئی دیکھ بھال سے ' باہر رہنے' کا انتخاب کرتے ہیں تو پھر صرف آپ کی حسب معمول طبی پریکٹس الیکٹرانک طریقے سے آپ کے ریکارڈ تک رسائی حاصل کر سکے گی۔ براہ کرم آگاہ رہیں کہ باہر رہنے کا مطلب یہ ہو گا کہ آپ کا ریکارڈ سب کے لئے دستیاب نہیں ہے، ناگہانی [ایمرجنسی] صورتحال میں بھی ۔

کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟

براہ کرم وزٹ کریں MidlandsYourCareConnected.nhs.uk

بصورت دیگر، آپ ٹیم کو ای میل بھیج سکتے ہیں
InfoMidlandsYourCareConnected@nhs.net

یا انہیں 3388 150 0333 پر مفت [فری] فون کریں

آپ کی جڑی
ہوئی دیکھ بھال

ہم اپنی ا شاعتیں بریل یعنی ابھرے ہوئے حروف ، بڑی چھپائی، پڑھنے میں آسان [قابل رسائی ٹیکسٹ کی طرز] میں تیار کر سکتے ہیں۔ معلومات بہت سی اقسام کی دوسری زبانوں میں بھی فراہم کی جا سکتی ہیں۔
مزید معلومات کے لئے براہ کرم ہم سے رابطہ کریں۔